نجات کا صحیح معیار، اسلام اور حسنِ معاشرت، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی دینی و دنیوی اصلاح، محاسن اسلام اور صحابہ کرام سے رسول اللہ کی محبت، پر ہر دو شعبوں میں متعدد جماعتوں کے طلبہ کے تقریری مقابلے ہو چکے ہیں جن میں اول آنیوالوں کو گھڑی، قلم اور شیشہ کی متعدد خانوں والی خوشنما دواتیں انعام میں دی جا چکی ہیں۔ اسی طرح بشریت رسول الامامۃ فی القریش، تکفیر تارک الصلوٰۃ اور حیات مسیح وغیرہ اہم مسائل پر مناظرے ہوئے ہیں اور آئندہ بھی ہر ہفتہ مختلف تقریروں اور تحریروں کے ساتھ انعامی مقابلے و مناظرے بھی ہوتے رہینگے۔

الحزب المقبول صحیح احادیث سے ثابت شدہ دعاؤں کا مشہور مجموعہ "الحزب المقبول" جناب شیخ عطاء الرحمن صاحب مہتمم دار الحدیث رحمانیہ کی طرف سے کئی ہزار کی تعداد میں چھپوایا گیا تھا جسکو بحمد اللہ تمام امیر و غریب مسلمانوں میں مقامی و بیرونی مفت تقسیم کیا گیا۔ بیرونی درخواستوں کا اس طرح تانتا بندھا کہ چند ماہ میں کتاب صاف ہوگئی ایک ایک حضرت نے متعدد نام لکھ لکھ کر دس دس اور بیس بیس نسخوں تک منگوائے اور ہم بلا پس و پیش تمام طالبان کی خدمت میں بھیجتے رہے۔ اب یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ الحزب المقبول بالکل ختم ہوگئی لہذا کوئی صاحب اس کیلئے ٹکٹ نہ بھیجیں۔ یہ اطمینان رکھیں کہ پھر مہتمم صاحب موصوف اپنے جذبہ تبلیغ و جوشِ سخاوت سے کام لیکر ضرور کوئی دوسری اہم کتاب مفت تقسیم کرنے کیلئے چھپوائینگے۔ جس کا بعد میں اعلان کیا جائیگا۔ انشاء اللہ

چٹ نمبر بفضل خدا اب محدث کے ناظرین سینکڑوں سے تجاوز کر کے ہزاروں تک پہنچ گئے ہیں۔ لہذا آپ جب تک اپنی ہر خط و کتابت میں چٹ نمبر کا حوالہ نہیں دینگے تعمیل ہونی دشوار ہے۔ بعض کرم فرما لکھتے ہیں میرا نمبر دفتر میں ہوگا تلاش کرلیں گے۔ ایسے حضرات سے گذارش ہے کہ اسی دفتر ہی میں آپ کا نام و پتہ دیکھنے کیلئے تو چٹ نمبر کی ضرورت ہوتی ہے بغیر اس کے کب تک گھنٹوں آپ کے نام کی تلاش میں دفتر کی ورق گردانی کیجا سکتی ہے جبکہ کارکنانِ محدث کیلئے رسالہ کے علاوہ دوسرے فرائض بھی ہیں۔ لہذا کیسے اتنا وقت ضائع کیا جا سکتا ہے؟ بعض احباب رسالہ کا رجسٹرڈ نمبر لکھکر بھیجدیتے ہیں۔ جو بالکل عبث و بے فائدہ ہوتا ہے۔ اسلئے تمام خریداران محدث ہمیشہ یاد رکھیں کہ تبدیل پتہ یا آئندہ کیلئے ارسال ٹکٹ وغیرہ تمام دفتری امور میں بغیر چٹ نمبر کے حوالے جو پتہ کی چٹ پر آپ کے نام کی بغل میں ہوتا ہے دفتر آپ کے احکام کی تعمیل میں قطعی مجبور ہوگا۔ آپ کو لازم ہے کہ چٹ نمبر محفوظ رکھکر ضرور لکھا کریں۔

انتباہ! جن لوگوں کی میعاد خریداری ربیع الاول (جولائی) و ربیع الثانی (اگست) میں ختم ہوتی ہے ان کے نمبر ۵۰۱ سے لیکر ۶۲۴ تک ہیں۔ ان میں جن حضرات نے اب تک آئندہ کے لئے اپنے ٹکٹ نہیں بھیجے ہیں وہ اگر آئندہ رسالہ مفت پڑھنا چاہتے ہوں تو جلد از جلد اپنے ٹکٹ دفتر میں بھیجدیں خراب اور رسید والے ریونیو ٹکٹ ہر گز نہ بھیجیں۔

عبد الحلیم ناظم، مولوی فاضل (ایڈیٹر محدث)